20096 ـ چھٹیوں کےبارہ میں یونیورسٹی کے طالب علموں کو نصیحت

سوال

ہم اس وقت تعلیمی سال کے آخری ایام میں امتحانات کی قریب ہیں اورپھرگرمیاں بھی شروع ہونے والی ہیں جن میں علمی دوروں کا انعقاد آپ پر مخفی نہیں ہم اس یونیورسٹی میں آپ کے طالب علم بیٹے ہیں لھذا آپ ہمیں کوئ نصیحت کریں ۔

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

میری اپنی طالب علم بیٹوں کومندرجہ ذیل نصیحت ہے :

سالانہ چھٹیوں کےدوران طلب علم شرعی کوغنیمت جانتے ہوئے اپنی اس کمی کودورکریں جوآپ یونیورسٹی میں نہیں حاصل کرسکتے ، اوراس کے ساتھ ساتھ صلہ رحمی کا بھی خیال رکھیں اس لیے کہ آپ اپنے گھروں اوراہل عیال سے دوررہنے کی بنا پر اس سے محروم رہتے ہیں ۔

اورآپ اپنے پڑوسیوں اورعزیز واقارب اورکنبے قبیلے میں دعوت الی اللہ کا کام کرتے رہیں اس لیے کہ آپ یونیورسٹی کے ہاسٹل میں رہنے کی بنا پر اس سے بھی محروم رہتے ہیں ۔

اورآپ اچھے اورنیک وصالح دوست احباب سے صلہ و تعلق رکھیں اس لیے کہ اللہ سبحانہ وتعالی کافرمان ہے :

اورآپ اپنے آپ کوان کے ساتھ رکھا کریں جواپنے پروردگار کوصبح وشام پکارتے ہیں ۔

ان صالح لوگوں سے چھٹیوں میں بھی تعلق منقطع نہ کریں ، ہوسکتا ہے کہ یہ آپ کے لیے مفید ہوکہ اگر آپ کے ساتھ پہلے اوریونیورسٹی میں اختیار کردہ اچھے دوست واحباب نہیں توآپ جہاں بھی جائیں وہاں آپ صالح اورنیک دوست واحباب اختیار کریں ۔

ـ یہ بھی نصیحت ہے کہ آپ حرام کردہ اشیاء سے بچ کررہیں مثلا کفارممالک اورفسق وفجور والی جگہوں میں سفر کرکے جانا اور مختلف چینلوں میں حرام پروگرام دیکھنے سے بھی پرہیز کریں ۔

میں اللہ تعالی سے آپ اوراپنے لیے دعاگو ہوں کہ وہ اچھے کام کرنے کی توفیق بخشے ۔

والله اعلم .